The Absolute Reality

www.quran4u.com

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ ارْكَعُوا لَا يَرْكَعُونَ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ (خدا کے آگے) جھکو تو جھکتے نہیں اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہوگی

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندھري)

سورة المرسلات

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

ہواؤں کی قسم جو نرم نرم چلتی ہیں	.1
پھر زور پکڑ کر جھکڑ ہو جاتی ہیں	.2
اور (بادلوں کو) پھاڑ کر پھیلا دیتی ہیں	.3
پھر ان کو پھاڑ کر جدا جدا کر دیتی ہیں	.4
پھر فرشتوں کی قسم جو وحی لاتے ہیں	.5
تاکہ عذر (رفع) کر دیا جائے یا ڈر سنا دیا جائے	.6
کہ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ہو کر رہے گی	.7

جب تاروں کی چمک جاتی رہے	.8
اور جب آسمان پھٹ جائے	.9
اور جب پہاڑ اڑے اڑے پھریں	.10
اور جب پیغمبر فراہم کئے جائیں	.11
بھلا ان امور میں تاخیر کس دن کے لئے کی گئی	.12
فیصلے کے دن کے لیے	.13
اور تمہیں کیا خبر کہ فیصلے کا دن کیا ہے؟	.14
اس دن جھٹلانے والوں کے لیے خرابی ہے	.15
کیا ہم نے پہلے لوگوں کو ہلاک نہیں کر ڈالا	.16
پھر ان پچھلوں کو بھی انکے پیچھے بھیج دیتے ہیں	.17
ہم گنہگاروں کے ساتھ ایسا ہی کرتے ہیں	.18
اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے	.19
کیا ہم نے تم کو حقیر پانی سے نہیں پیدا کیا؟	.20
(پہلے) اس کو ایک محفوظ جگہ میں رکھا	.21
ایک معین وقت تک	.22
پھر اندازہ مقرر کیا اور ہم کیا ہی خوب اندازہ مقرر کرنیوالے ہیں	.23
اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے	.24
کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایا؟	.25
(یعنی) زندوں اور مردوں کو بنایا	.26

.27	اور اس پر اونچے اونچے پہاڑ رکھ دیئے اور تم لوگوں کو میٹھا پانی پلایا
.28	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے
.29	جس چیز کو تم جھٹلایا کرتے تھے اب اس کی طرف چلو
.30	(یعنی) اس سائے کی طرف چلو جس کی تین شاخیں
.31	نہ ٹھنڈی چھاؤں اور نہ لپٹ سے بچاؤ
.32	اس سے (آگ کی) اتنی اتنی بڑی چنگاری اڑتی ہیں جیسے محل
.33	گویا زرد رنگ کے اونٹ ہیں
.34	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے
.35	یہ وہ دن ہے کہ (لوگ) لب تک نہ ہلا سکیں گے
.36	اور نہ ان کو اجازت دی جائے گی کہ عذر کر سکیں
.37	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے
.38	یہی فیصلے کا دن ہے (جس میں) ہم نے تم کو اور پہلے لوگوں کو جمع کیا ہے
.39	اگر تم کو کوئی داؤ آتا ہو تو مجھ سے کر لو
.40	اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے
.41	بیشک پرہیز گار سایوں اور چشموں میں ہوں گے
.42	اور میوؤں میں جو ان کو مرغوب ہوں
.43	جو عمل کرتے رہے تھے ان کے بدلے میں مزے سے کھاؤ اور پیؤ
.44	ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں

اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے	.45
(اے جھٹلانے والوں) تم کسی قدر کھالو اور فائدے (اٹھالو) تم بیشک گنہگار ہو	.46
اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے	.47
اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ (خدا کے آگے) جھکو تو جھکتے نہیں	.48
اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہوگی	.49
اب اسکے بعد یہ کون سی بات پر ایمان لائیں گے؟	.50

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com